PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/PSRP-II/CIR/05-2026-1299 تاریخ: 13 مئی، 2026

محترم لائسینسیز پی ایس آر پی فیز-II

عنوان: ون ٹائم گرانٹ واؤچرز کے جمع کروانے کی آخری تاریخ

السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (PEF) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 91 ویں اجلاس منعقدہ 20 نومبر 2024ء میں پبلک اسکول ری آرگنائزیشن پروگرام (PSRP) فیز II کے تحت ہر اہل لائسینسی کے لیے ایک لاکھ پچاس ہزار روپے (150,000) کی ون ٹائم آپریشنل گرانٹ منظوری دی تھی۔ یہ گرانٹ زیر التوا یوٹیلیٹی بلز، معمولی مرمت، فرنیچر کی فراہمی، باغبانی کے لیے مختص کی گئی تھی۔ پیف نے یہ ابتدائی 70 فیصد رقم (-/1,05,000 روپے) ہر اسکول کو منتقل کر دی ہے۔

تمام لائسینسیز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بقیہ 30 فیصد رقم کا اجراء واؤچرز اکاؤنٹس کی وصولی اور تصدیق سے مشروط ہے۔ لہٰذا تمام لائسینسیز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے سکول میں کیے گئے تعمیراتی کام، فرنیچر کی خرید، پرانے ادا کیے گئے یوٹیلٹی بلز اور باغبانی وغیرہ پر اخراجات کے تمام بلز (سامان کی مد اور اخراجات کی تفصیلی رسیدیں) PSRP ڈائریکٹوریٹ میں درج ذیل طریقہ کار کے مطابق فوری طور پر جمع کروائیں۔

1. واؤچرز جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 مئی 2026ء ہے۔
2. لائسینسیز کو اجازت ہے کہ وہ گرانٹ کی کل رقم -/1,50,000 روپے اپنے اسکول کی ضروریات کے مطابق رنگ و روغن، زیر التوا یوٹیلیٹی بلز، فرنیچر، شجر کاری اور مرمت وغیرہ پر خرچ کریں، تاہم معیاری مواد کا استعمال لازمی ہے۔
3. واؤچرز کے ساتھ سامان کی تفصیلی رسیدیں PSRP-II کے فراہم کردہ فارمیٹ کے مطابق جمع کروائی جائیں۔
4. تعمیر سے پہلے اور بعد کی جیو ٹیگڈ تصاویر ڈیجیٹل اسیسمنٹ پلیٹ فارم (DAP) پر اپ لوڈ کی جائیں۔
5. پیف مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن (M&E) ڈائریکٹوریٹ مکمل ہونے والے کام کی حتمی تصدیق کرے گا۔ صرف تصدیق شدہ اخراجات ہی بقایا ادائیگی کے لیے قابل قبول ہوں گے۔ غیر متعلقہ اخراجات متعلقہ لائسینسی کی سبسڈی سے کاٹ لیے جائیں گے۔
6. **وہ تمام لائسینسیز جو 25 مئی 2026ء تک اپنے واؤچرز جمع نہیں کروائیں گے، ان کی ون ٹائم گرانٹ کی بقیہ 30 فیصد رقم ادا نہیں کی جائے گی۔**

نوٹ: جو لائسینسیز محکمہ تعلیم کے مقامی تعلیمی متعلقہ افسران مثلاً AEO صاحبان وغیرہ سے تصدیق نہیں کروا سکے ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بھی اخراجات کے بلز پی ایس آر پی II کے دفتر بھجوا دیں۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (PSRP)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

Scanned with CamScanner

پی ایس آر پی — ون ٹائم آپریشنل گرانٹ

واؤچر فارم — تصدیق شدہ اخراجات

EMIS کوڈ _____ اسکول کا نام: _____

ضلع _____ لائسینسی کا نام _____

تحصیل / یونین کونسل _____ _____ رابطہ نمبر _____

اخراجات کی مکمل تفصیل

نمبر	اخراجات کی تفصیل	کل رقم روپے	ملاحظات
1	عمارت کی دیکھ بھال اور مرمت		
2	عمارت کا پینٹ		
3	زیرِ التواء یوٹیلیٹی بلز		
4	فرنیچر کی خرید		
5	باغبانی اور متعلقہ اخراجات		
6	دیگر متفرق اخراجات		
7			
8			
	ٹوٹل		

استعمال شدہ پینٹ برانڈ : _____ رنگ : _____ مقدار لیٹر _____

ضروری ہدایات

۱۔ تمام اخراجات کی تفصیل اوپر دیے گئے فارم میں واضح طور پر درج کریں۔

۲۔ ہر رقم کے ساتھ اصل رسید یا بل منسلک کریں — بغیر رسید واؤچر قبول نہیں ہوگا۔

۳۔ واؤچرز جمع کروانے کی آخری تاریخ :25 مئی 2026 تاخیر کی صورت میں باقی 30% رقم روک لی جائے گی۔

۴۔ غیر متعلقہ یا ناقابلِ قبول اخراجات کی رقم لائسینسی کی سبسڈی سے کاٹ لی جائے گی۔

دستخطِ مہر لائسینسی _____

تاریخ _____

Scanned with CamScanner